http://www.sgbauonline.com

**AT-1274**

**B.Com. (Part—I) Examination**

**URDU (Compulsory)**

**(Languages)**

Time : Three Hours] [Maximum Marks : 70

سوال نمبر۱۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کوئی تین سوالات کے جوابات لکھئے۔ 15

۱۔ فن تاریخ کے آغاز وارتقاء پر روشنی ڈالئے۔

۲۔ جدید تاریخ نگاری کی بنیاد کیسے پڑی؟

۳۔ تہذیب کس طرح پھیلی؟ دنیا کے قدیم تہذیبی مراکز کون سے ہیں؟

۴۔ کمپیوٹر کے وجود میں آنے کے اسباب بتائیے۔

۵۔ جوزف میری جیکرڈ کی ایجاد کیا ہے اور وہ کمپیوٹر بنانے میں کس طرح مددگار ثابت ہوئی؟

۶۔ شاہ ہموربی اور مصر کے قوانین کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

سوال نمبر۲۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی تین کے جوابات لکھئے۔ 15

۱۔ اردو زبان کی ابتداء کیسے ہوئی؟

۲۔ ۱۸۵۷ء سے پہلے قومیت کے جذبے کی خصوصیات لکھئے۔

۳۔ قومی یکجہتی کے فروغ میں اردو ادب نے کیا خدمات انجام دیں؟

۴۔ ''سلونو'' کا تہوار بہادر شاہ ظفر کے دربار میں کیوں منایا جاتا تھا؟

۵۔ مرزا فخرو کس خاندان کے فرد تھے؟ مصنف نے جو واقعہ ان کے متعلق لکھا ہے اس سے کس بات کا پتہ چلتا ہے؟

۶۔ ۱۸۵۷ء سے پہلے دلّی کے میلوں کا نقشہ اپنے الفاظ میں کھینچئے۔



http://www.sgbauonline.com

http://www.sgbauonline.com

سوال نمبر۳۔ مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کسی تین کے جوابات لکھئے۔ 15

۱۔ برقی ذرائع ابلاغ صنعتوں کے فروغ میں کس طرح مدد کرتے ہیں؟

۲۔ جدید ٹیکنالوجی کی ایجادات نے ذرائع ابلاغ کو کس طرح ترقی دی؟

۳۔ 'ٹیلی ویژن ابلاغ کا اہم ذریعہ ہے' روشنی ڈالئے۔

۴۔ 'اخبار ترسیل ابلاغ کا اہم ترین ذریعہ ہے' وضاحت کیجئے۔

۵۔ ذرائع ابلاغ کی اہمیت کو واضح کیجئے۔ بتائیے کہ اس کی ضرورت کیوں محسوس کی گئی؟

۶۔ قدیم مصر میں ابلاغ کے لئے کس ذریعہ کا استعمال کیا جاتا تھا؟

سوال نمبر۴۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی تین کے جوابات لکھئے۔ 10

۱۔ مطبع خانوں کے قیام کا تحریری ذرائع ابلاغ کو کیا فائدہ پہنچا؟

۲۔ انٹرنیٹ کے سماج پر مثبت یا منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ بیان کیجئے۔

۳۔ تحریری ذرائع ابلاغ میں کتاب کی اہمیت کو واضح کیجئے۔

۴۔ اشتہارات کی اہمیت پر روشنی ڈالئے۔

۵۔ زبان کی ایجاد سے پہلے ترسیل و ابلاغ کا عمل کس طرح جاری تھا؟

۶۔ تعلیم کے فروغ میں ٹیلی ویژن کس طرح مددگار ثابت ہوتا ہے۔ روشنی ڈالئے۔

سوال نمبر۵۔ صرف دو کے جواب مطلوب ہیں۔ 15

۱۔ کالج کی جانب سے آپ نے ''صفائی مہم'' میں حصہ لیا۔ اس کی روداد اخبار کے ایڈیٹر کے نام ارسال کریں۔

۲۔ الیکشن کمشنر کے نام درخواست لکھ کر اپنا نام ووٹر لسٹ میں درج نہ ہونے کی شکایت درج کروائیے۔

۳۔ اپنے چھوٹے بھائی/بہن کو خط لکھ کر مقابلہ جاتی امتحانات کی اہمیت وافادیت سے آگاہ کیجئے۔

۴۔ صدر بلدیہ کے نام درخواست لکھ کر بتلائیے کہ شہر میں جابجا گندگی جمع ہونے سے پھیلنے والی وباء کا کتنا خطرہ لاحق ہے۔



http://www.sgbauonline.com